Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

16 ستمبر 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے مکلی کے تاریخی قبرستان میں مقبروں کی بحالی کے منصوبے کا آغاز

ٹھٹھہ۔امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے مکلی کے تاریخی قبرستان میں واقع سلطان ابراہیم اور امیر سلطان محمد کے قدیم مقبروں کی بحالی اور مرمت کے منصوبے کا باقاعدہ آغاز کیا۔دو لاکھ 60 ہزار ڈالر مالیت کا یہ منصوبہ 'ایمبیسڈرز فنڈ برائے تحفظ ثقافتی ورثہ' کے تحت مکمل کیا جائے گا۔

امریکی سفیر رچرڈ اولسن نے مکلی کے قبرستان کے دورے کے موقع اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 'ایمبیسڈرز فنڈ برائے تحفظ ثقافتی ورثہ کو فن و ثقافت کے شعبے میں پاکستان کے ساتھ اشتراک میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔چار سو برس قدیم ان مقبروں کی بحالی کے لئے ورثہ فاؤنڈیشن کی یاسمین لاری اور وزیر ثقافت سندھ شرمیلا فاروقی کا تعاون انتہائی اہم ہے۔'

رچرڈ اولسن نے مزید کہا کہ 'امریکی سفارت خانہ پاکستان بھر میں 17 ثقافتی منصوبوں پر وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے جبکہ سندھ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا منصوبہ ہے۔تاریخی ورثے کے تحفظ کے ان منصوبوں میں ہمارا تعاون پاکستان کے شاندار تاریخی ورثے کے لئے امریکی حکومت کے احترام کی مثال ہے۔'

'ایمبیسڈرز فنڈ برائے تحفظ ثقافتی ورثہ' دنیا بھر میں 100 سے زائد ممالک میں ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلیے تعاون فراہم کر رہا ہے۔ان منصوبوں میں قدیم اور تاریخی عمارتوں کی بحالی، نایاب مخطوطات، نوادرات اور اہم آثار قدیمہ کا تحفظ اور روایتی ہنر اور قدیم زبانوں کو دستاویزی شکل دینا شامل ہیں۔

#####